© rasailojaraid.com

کتاب: فضائل دعا (جلد اول) مرتب: الحاج ابراہیم یوسف باوا رنگونی مدظلہ

صفحات۔ 419 ناشر: ادارہ اشاعت الاسلام مانچسٹر برطانیہ۔

پاکستان میں ملنے کا پتہ: حافظ عبدالرحیم میاں ۱۱۱۔ ایف ۳۔۲ ناظم آباد ۳ کراچی نمبر ۱۸

یورپ کی ظلمتوں مادیت کی یلغار خدا سے انکار انسانی اقدار سے فرار شرم وحیا اور شرافت سے بغاوت اور بہیمت و درندگی کے سیاہ اور فرسودہ و متعفن ماحول میں دعوت و تبلیغ اصلاح و ارشاد اور تصنیف و تالیف کا کام نہ صرف مشکل بلکہ انتہائی کٹھن اور صبر آزما ہوتا ہے۔ ہمارے بزرگ الحاج ابراہیم یوسف باوا رنگونی مدظلہ گزشتہ کئی عشروں سے یہ عظیم کام اخلاص وللّٰہیت کی بنیاد پر باحسن وخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔ کتاب فضائل دعا (جلد اول) ان کی دینی اصلاحی کتب کی زنجیر کی ایک مضبوط کڑی ہے۔ دعا عبادت کا مغز ہے۔ دعا کرنا ایسا کامیاب اور عجیب عمل ہے کہ اس کے ذریعے جہاں انسان کی حاجات اور مرادیں پوری ہوتی ہیں وہاں بجائے خود بھی قیمتی عبادت ہیں۔ کون سا انسان ایسا ہے جس کا کوئی مسئلہ نہ ہو۔ اور یا اسے کوئی پریشانی لاحق نہ ہوتی ہو۔ ایسے مواقع پر لوگ عموماً ظاہری اسباب کی طرف زیادہ زور دیتے ہیں۔ اگرچہ یہ اسباب اختیار کرنا بھی لازمی اور ضروری ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ مالک الملک والملکوت ذات کی طرف متوجہ ہو کر تضرع وزاری کے ساتھ مانگنا کامیابی وکامرانی کا بہترین زینہ ہے۔ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ادعونی استجب لکم مجھ ہی سے مانگو میں ہی تمہیں دوں گا۔

ہر گھڑی دینے کو تو تیار ہے
جو نہ مانگے اس سے تو بیزار ہے

قبولیت دعا کے لئے اسکے احکام وشرائط اور آداب بجالانا لابدی امر ہے۔ الحاج ابراہیم یوسف باوا رنگونی مدظلہ کی یہ کتاب اسی سلسلے اور موضوع کی بہترین اور مفصل کاوش ہے۔ کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے جو ٹائیٹل پر واضح نمایاں عنوانات کے تحت قاری کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ ابواب کے مندرجات یوں ہیں۔ (۱): دعا اور اس کے احکامات وآداب۔ (۲) قرآن مجید کی دعائیں اور واقعات (۳) اسماء الحسنیٰ کی خاصیات وفوائد۔ (۴) اسم اعظم کے فضائل وفوائد (۵) اللہ تعالیٰ کی تعریف کے کلمات (۶) درود وسلام کے فضائل وفوائد (۷) توبہ واستغفار کے فضائل یہ کتاب مرتب کی اڑتیس (۳۸) سالہ ان تھک محنت کے بعد قاری کے ہاتھ تک پہنچی ہے۔ جس عرقریزی اور کاوش ومحنت حسن ترتیب، سلیقہ، اور جامع انداز سے کتاب منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی ہے اس سے مرتب کا حسن ذوق جھلکتا ہے۔

کاغذ، کتابت، طباعت اور جلد بندی دیدہ زیب، خوبصورت اور ہر لحاظ سے معیاری ہے۔ (عرفان الحق حقانی)


© rasailojaraid.com